★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ
تعمیر وطن کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 335 بروز پیر 31 اگست 2026ء، 17 ربیع الاول 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

وزیراعظم شہباز شریف 31 اگست سے یکم ستمبر تک کرغستان کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم شہباز شریف (آج) پیر کو کرغستان روانہ ہوں گے جہاں وہ 31 اگست سے یکم ستمبر تک کرغستان کا دورہ کریں گے۔ وزیراعظم یہاں ہونے والی شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان حکومت کے اجلاس میں شرکت کریں گے اور اس کی صدارت بھی سنبھالیں۔ وزیراعظم بشکیک میں ہونے والی ایس سی او سمٹ میں شرکت کریں گے۔ سمٹ کی سائیڈ لائنز پر وزیراعظم شہباز شریف کی عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں بھی ہوں گی۔ پاکستان ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ کی صدارت بھی سنبھالے گا۔

ژوب، تیز رفتار گاڑی الٹنے سے ایک شخص جاں بحق 2 افراد زخمی

ژوب (آن لائن) ژوب کے علاقے میں تیز رفتار گاڑی الٹنے سے ایک شخص جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہو گئے گزشتہ روز ژوب کے علاقے میں سمبازہ روڈ پر ویرائی پل کے قریب تیز رفتار گاڑی الٹنے کے نتیجے میں ایک شخص بختیار خان حریفال جاں بحق 2 افراد وحید اللہ اور نواب خان ساکنان ایوزئی زخمی ہو گئے۔ نعش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی۔

ریاست کو پشتونوں کی آواز اور ان کے بنیادی، آئینی، سیاسی، معاشی اور قومی حقوق کا مطالبہ سننا ہوگا، ہمیں اس امر پر مجبور نہ کیا جائے کہ ہم اپنا مقدمہ بین الاقوامی فورمز پر لے جائیں

ریاست پشتونوں کی آواز اور آئینی حقوق تسلیم کرے، محمود خان اچکزئی

موجودہ حالات میں بیرونی عوامل کے ساتھ ساتھ بحیثیت قوم ہماری اپنی غفلت، کوتاہیوں اور داخلی کمزوریوں کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا، جنوبی پشتونخوا کے تین روزہ عوامی جرگے سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ریاست کو پشتونوں کی آواز اور ان کے بنیادی، آئینی، سیاسی، معاشی اور قومی حقوق کا مطالبہ سننا ہوگا، ہمیں اس امر پر مجبور نہ کیا جائے کہ ہم اپنا مقدمہ بین الاقوامی فورمز پر لے جائیں۔ بندوق کے زور پر ریاستی نظام چلایا جا سکتا ہے، نہ عوام کے ذہنوں، ان کے سیاسی شعور، آئینی حقوق اور وسائل پر مستقل قبضہ کیا جا سکتا۔ انہوں نے یہ بات جنوبی پشتونخوا کے تین روزہ عوامی جرگے سے اپنے افتتاحی خطاب میں کہی۔ جو نواب ایاز خان جوگیزئی کی صدارت میں کوئٹہ گرینڈ کیاش چیکوٹ ہال میں منعقد ہوا محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پشتون آج اپنی تاریخ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سرکاری دورے پر ترکیہ پہنچ گئے

راولپنڈی (آن لائن) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سرکاری دورے پر ترکیہ پہنچ گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق دورے کے دوران فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ترکیہ کی اعلیٰ قیادت سے اہم ملاقاتیں کریں گے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے دورہ ترکیہ کا مقصد (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

نواز شریف کی آزاد کشمیر کے عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت



لاہور (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے صدر سابق وزیراعظم محمد نواز شریف نے انتخابی مہم کے دوران آزاد کشمیر کے عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کرتے پہلے 100 دن کا اصلاحاتی ایجنڈا ان کے حوالے کر دیا ہے اور کہا ہے کہ عوام سے جو وعدے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

کسی کو بلوچستان کی ننگ و ناموس سے کھیلنے کی اجازت نہیں دیں گے، نواب ثناء اللہ زہری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے قبائلی و سیاسی رہنماں سردار محمد علی جنگ (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

راولپنڈی: چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان سے کسان ونگ کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات چوہدری خالد نواز ڈھل آج ملاقات کر رہے ہیں

سرخ گوشت کے شعبے میں بھی دونوں فریقین نے پاکستان سے سالانہ تقریباً 30 ہزار ٹن سرخ گوشت کی فراہمی کا جائزہ لیا، جس کی مالیت تقریباً 167 ملین ڈالر بنتی ہے، مشترکہ اعلامیہ جاری

دونوں برادر ممالک نے پاکستانی زرعی و غذائی مصنوعات کی سعودی عرب کو برآمدات کو آئندہ دو سال کے دوران 3 ارب امریکی ڈالر تک پہنچانے کیلئے مشترکہ کوششیں تیز کرنے پر اتفاق

پاکستان اور سعودی عرب کا زرعی و غذائی برآمدات 3 ارب ڈالر تک بڑھانے پر اتفاق

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ذاتی دلچسپی اور سرپرستی میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان زرعی اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے حوالے سے اہم پیش رفت ہوئی ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ذاتی دلچسپی اور سرپرستی میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان زرعی اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے حوالے سے اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ دونوں برادر ممالک نے پاکستانی زرعی و غذائی مصنوعات کی سعودی عرب کو برآمدات کو آئندہ دو سال کے دوران 3 ارب امریکی ڈالر تک پہنچانے کے لیے مشترکہ کوششیں تیز کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ سعودی وزیر ماحولیات، پانی و زراعت انجینئر عبدالرحمن اے۔ الفضل (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

وزیر دفاع خواجہ آصف کا علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور کا دورہ

جلد کلیئرنس اور انتظار کے وقت میں کمی کیلئے اضافی سرچ کاؤنٹر قائم کرنے کی ہدایت

ڈومیسٹک ڈپارچر ایریا کی جاری تعمیر میں پیش رفت کا جائزہ، بروقت تکمیل اور مسافروں کی سہولت پر زور دیا گیا

لاہور (آن لائن) وزیر دفاع خواجہ آصف نے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور کا دورہ کیا اور وزیر دفاع نے ایئرپورٹ پر مسافروں کی سہولیات اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ پی اے اے کے مطابق خواتین مسافروں کی جلد کلیئرنس اور انتظار کے وقت میں کمی کے لیے اضافی سرچ کاؤنٹر قائم کرنے کی ہدایت دی گئی اور وزیر دفاع نے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

25 پاکستانی شہری بھارت سے وطن واپس پہنچ گئے

لاہور (آن لائن) بھارت میں قید 25 پاکستانی شہریوں کو واہگہ-اٹاری سرحد کے ذریعے وطن واپس پہنچا دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پاکستانی ہائی کمیشن کے حکام واہگہ-اٹاری سرحد پر موجود رہے اور پاکستانی شہریوں کی وطن واپسی کے عمل میں سہولت فراہم کی۔ ترجمان (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

عوام سے بھتہ وصولی کی بجائے حکمران اپنی مراعات ختم کریں، حافظ نعیم الرحمن

نظام گل سڑ گیا، کے پی اور بلوچستان میں بدامنی ہے، امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور / کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ حکومت روزانہ کی بنیاد پر عوام پر مظالم ڈھا رہی ہے، حکمران اپنی عیاشیاں ختم کرنے کے بجائے عوام پر ٹیکسوں کا بوجھ ڈال رہے ہیں۔ غریبوں سے پٹرولیم لیوی بھتہ وصول کرنے کی بجائے حکمران اپنی بڑی گاڑیاں، مفت پٹرول کیوں ختم نہیں کرتے؟ ان خیالات (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

چمن اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے سرحدی شہر چمن اور گردونواح میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے لوگ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے نکلے تاہم کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی زلزلہ پیماں مرکز کے مطابق گزشتہ روز ایک (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

بلوچستان کے عوام کو انصاف امن و حقوق چاہیے، لیاقت بلوچ

3 ستمبر کا ہڑتال بھی قومی وحدت و مسائل کے حل کیلئے ضروری ہے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کوئٹہ کے کامیاب دھرنے سے پورے ملک کو حوصلہ ملا مشترکہ آواز اٹھنے سے قومی وحدت و مسائل کے حل کی راہ ہموار ہوگی۔ بلوچستان کے عوام کو انصاف امن و حقوق چاہیے وزیراعظم قومی کانفرنس بلائیں بلوچستان کے عوام سے یکجہتی کی جائے بلوچستان کے (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال اسلام آباد میں سی ڈی ڈبلیو پی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قرضوں کا مجموعی حجم 5,920 ارب روپے سے تجاوز کر گیا، تقریباً 6,000 ارب روپے بنتا ہے، دستاویزات جاری

پاکستان نے 1200 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کر دیا

پاکستان نے 1,200 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کر دیا سب سے بڑی واحد قبل از وقت قرض ادائیگی قرار دیا جا رہا ہے

مستقبل میں قرضوں کی ادائیگی کا دباؤ کم ہونے، سرکاری مالیات کو مضبوط بنانے اور معیشت کیلئے اضافی مالی گنجائش پیدا ہونے کی توقع ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے 1,200 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کر دیا، جسے اب تک کی سب سے بڑی واحد قبل از وقت قرض ادائیگی قرار دیا جا رہا ہے۔ دستیاب تفصیلات کے مطابق اس ادائیگی کے بعد مقررہ مدت سے پہلے ادا کیے گئے قرضوں کا مجموعی حجم 5,920 ارب روپے سے تجاوز کر گیا ہے، جو تقریباً 6,000 ارب روپے بنتا ہے۔ قبل از وقت قرض ادائیگیوں کی رفتار میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے مالی سال 2025: 1,800 ارب روپے، مالی سال 2026: 2,900** ارب روپے، جو گزشتہ مالی سال کے مقا (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

لاہور: وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ کر کے مسافروں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ربانی کا کارکن کوئٹہ میں کارکن شیخ یاسر شاہ، اختر سلیمان ترین، ملک شاہ وزیر کاکڑ، حاجی فضل رحمان محمد ایم ایچ خان سیکرٹری، عبداللہ خان اور دیگر کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

11.714 ارب روپے کے 3 منصوبے منظور، 48.545 ارب روپے کے 2 منصوبے ایکنک کو ارسال

احسن اقبال کی زیر صدارت سی ڈی ڈبلیو پی اجلاس، اہم ترقیاتی منصوبوں پر بڑے فیصلے

5 ترقیاتی منصوبوں کی منظوری، میرانی ڈیم سے گوادر کو پانی کی فراہمی کا 29 ارب روپے کا منصوبہ ایکنک کو بھجوا دیا گیا

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال کی زیر صدارت سینٹرل ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی (سی ڈی ڈبلیو پی) کا اجلاس ہوا، جس میں مجموعی طور پر 60.259 ارب روپے مالیت کے پانچ ترقیاتی منصوبوں پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں سی ڈی (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

نیپال میں 6 سالہ بچی کو 3 دن بعد سیلابی ملبے سے زندہ نکال لیا گیا

کھٹمنڈو (آن لائن) نیپال میں امدادی کارکنوں نے 6 سالہ بچی کو تین دن بعد سیلابی ملبے سے زندہ نکال لیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ضلع رسووا میں تباہ کن سیلاب کے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

حکومت نے برآمدی کاروبار پر سپر ٹیکس مکمل ختم کر دیا ہے، ہارون اختر خان

وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار کا دورہ لاہور چیمبر

لاہور (آن لائن) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ حکومت نے برآمدی کاروبار پر سپر ٹیکس مکمل ختم کر دیا ہے جبکہ 50 کروڑ روپے سے زائد منافع کمانے والے غیر برآمدی کاروبار پر سپر ٹیکس کی شرح 10 فیصد سے کم (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی کی وزیر امور کشمیر امیر مقام سے ملاقات، عیادت اور جلد صحت یابی کی دعا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم آزاد کشمیر بیرسٹر افتخار گیلانی نے وزیر امور کشمیر انجینئر امیر مقام کی رہائش گاہ پر ان سے (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

سیفی ہسپتال کا جدید کارڈیک ونگ کراچی کے عوام کیلئے اہم قدم ہے: محمد اورنگزیب

صحت کے شعبے میں سرمایہ کاری دراصل پاکستان کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے، وزیر خزانہ

کراچی (آن لائن) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ناظم آباد کراچی میں سیفی ہسپتال کے جدید کارڈیک ونگ کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ صحت کے شعبے میں سر (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

سعودی وزیر ماحولیات، پانی و زراعت اور وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے درمیان کامیاب مذاکرات، مشترکہ اعلامیہ جاری

وزیراعظم کی سرپرستی میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان زرعی شعبے میں اہم پیشرفت

19 سے 22 اکتوبر کو ریاض میں 43ویں سعودی ایگریکلچر نمائش میں شرکت کی دعوت، پاکستان کی جانب سے دعوت کا خیر مقدم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کی سرپرستی میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان زرعی شعبے میں اہم پیشرفت ہوئی ہے اور سعودی وزیر ماحولیات، پانی و زراعت اور وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے درمیان کامیاب مذاکرات میں دونوں ملکوں کے باہمی تجارت بڑھانے اور مختلف شعبوں میں نئی راہیں تلاش کر لی ہیں جبکہ سعودی عرب میں 19 سے 22 اکتوبر 2026، کو ریاض میں 43ویں سعودی (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار استنبول پہنچ گئے، پرتپاک استقبال کیا گیا

اسحاق ڈار سرکاری مصروفیات کے سلسلے میں استنبول پہنچے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی

استنبول (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار استنبول پہنچ گئے جہاں ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی کے مطابق اسحاق ڈار سرکار (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

پی آئی ایم ایس نرسری آتشزدگی کی عبوری انکوائری رپورٹ میں اہم انکشافات

نرسری میں آگ کے ابتدائی منبع کا تعلق اندرونی برقی نظام یا آلات سے ہونے کا امکان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کی نرسری میں آتشزدگی کے واقعے کی انکوائری کمیٹی کی عبوری رپورٹ میں فائر سیفٹی، ہنگامی اطلاع (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

سانحہ گل پلازہ جوڈیشل کمیشن کی رپورٹ سامنے آ گئی

خطرناک عمارت اور فائر سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں کا انکشاف

کراچی (آن لائن) سانحہ گل پلازہ کے جوڈیشل کمیشن کی تفصیلی رپورٹ سامنے آ گئی ہے جس میں کمیشن نے المناک حادثے کے حوالے سے مختلف فریقین اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داریوں کا تعین کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ جانی نقصان کسی ایک ادارے یا ایک حکومت کی ناکامی کا نتیجہ نہیں بلکہ طویل عرصے تک جاری رہنے والی متعدد ادارہ جاتی غفلتوں، غیر مؤثر نگرانی، فائر سیفٹی کی خلاف ورزیوں، امدادی کارروائی میں تاخیر اور دستیاب مواقع سے مؤثر فائدہ نہ اٹھانے کا مجموعی نتیجہ تھا۔ جسٹس آغا فیصل کی جانب سے مرتب کیے گئے دیباچے میں معروف (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

ستمبر کا مہینہ پاکستان سمیت دنیا بھر کیلئے نہایت اہمیت کا حامل

اسلام آباد (آن لائن) ستمبر کا مہینہ پاکستان سمیت دنیا بھر کیلئے نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ پاکستان میں بھٹو خاندان اور (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

سانحہ پمز میں جاں بحق 13 بچوں کی میتیں والدین، ایک لاوارث بچے کی میت ایدھی فاؤنڈیشن کے حوالے

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد کے پمز ہسپتال میں پیش آنے والے سانحہ میں جاں بحق 13 بچوں کی میتیں والدین کے حوالے جبکہ ایک لاوارث بچے کی میت (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

امریکی اور اسرائیلی مجرم حکمران صرف ایران کے نہیں تمام مسلم امہ کے دشمن ہیں مجتبیٰ خامنہ ای

تہران (آن لائن) ایران کے رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای نے خلیجی ممالک (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

کوئٹہ: پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی اچکزئی پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام عوام جرگے سے خطاب کر رہے ہیں

فوری طور ضلع بھر میں مچھر مار اسپرے کرایا جائے، خادم حسین

مچھروں کے کاٹنے سے ملیریا ٹائی فائیڈ اور خسرہ کی بیماری عروج پر ہے

صحبت پور (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سابق صدر نصیرآباد ڈویژن ممبر صوبائی کونسل میر خادم حسین کھوسہ نے سخت افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ صحبت پور ضلع کے تاریخی قدیم شہروں سٹی صحبت پور، مانجھی پور، پہنور، سنہری، حیرو دین، آدم پور، بھنڈ شریف درگھی سے لیکر ملگزار تک کا علاقہ مچھروں کی یلغار میں مچھروں کے کاٹنے سے ملیریا ٹائی فائیڈ اور خسرہ کی بیماری عروج پر ہے مچھروں کے کاٹنے سے اکثر معصوم بچے بوڑھے ضعیف العمر خواتین سخت پریشان محکمہ صحت صحبت پور ملیریا کنٹرول پروگرام کا کہیں پر نام نشان بھی نظر نہیں آ رہا ہے مچھر مار (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

نواز شریف، وزیراعظم اور وزیراعلیٰ پنجاب سے آزاد کشمیر کے وزیراعظم افتخار گیلانی اور چیئرمین طارق فاروق کی ملاقات

لاہور (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف، وزیراعظم محمد شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے آزاد جموں و کشمیر کے وزیراعظم افتخار گیلانی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

بلوچستان کے مسئلے کا حل طاقت نہیں، سیاسی مکالمہ اور بامعنی مذاکرات ہیں، مولانا آغا محمود شاہ و دیگر کا مشترکہ بیان

بلوچستان میں غیر ذمہ دارانہ بیانات جلتی پر تیل ڈالنے کے مترادف ہیں، مولانا عبدالواسع

بلوچستان کے مسئلے کا پائیدار حل طاقت اور تصادم میں نہیں بلکہ سیاسی بصیرت، باہمی اعتماد اور سنجیدہ و بامقصد مذاکرات میں مضمر ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام صوبہ بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کی مخدوش صورتحال میں غیر ذمہ دارانہ بیانات جلتی پر تیل ڈالنے کے مترادف ہیں، ذمہ دار عہدوں اور پوزیشنز پر موجود لوگوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرنا ہوگا، کیونکہ آج صوبہ جس سنگین اور مخدوش صورتحال کا سامنا کر رہا ہے اس میں غیر ذمہ داری کا (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

قائم کردہ نئے سہولت سنٹر کی افتتاحی تقریب بروز پیر، 31 اگست 2026 کو ہو گی، اعلامیہ

کوئٹہ (خ ن) قائم کردہ نئے سہولت سنٹر کی افتتاحی تقریب بروز پیر، 31 اگست 2026 کو ہائی کورٹ آف بلوچستان، کوئٹہ کے احاطے میں منعقد ہوگی۔ سہولت سنٹر کا افتتاح عزت مآب چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ خان آفریدی، سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ آف بلوچستان کے معزز ججز کی موجودگی میں کریں گے۔ اس (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

حب کے مختلف علاقوں میں گیس، بجلی اور پانی کا سنگین مصنوعی بحران شدت اختیار کر گیا

حب شہر کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں عوامی مفادات پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا

حب (آن لائن) بلوچستان کے اہم صنعتی شہر حب کے مختلف علاقوں میں گیس، بجلی اور پانی کا سنگین مصنوعی بحران شدت اختیار کر گیا ہے جسکے باعث نیشنل پارٹی، پاکستان سنی تحریک، جام گروپ، پاکستان مسلم لیگ، تاجر برادری اور شہریوں نے مشترکہ طور پر شٹر ڈاؤن احتجاج کا اعلان کیا ہے اور سڑکوں پر نکلنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سابق چیئرمین حب نیشنل پارٹی کے مرکزی نائب صدر برائے بلوچستان وڈیرہ رجب علی رند تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے اہم صنعتی شہر حب کے مختلف علاقوں میں گیس، بجلی اور پانی کی جاری مصنوعی سنگین بحران کے باعث ساکران، بیروٹ، گڈانی و ملحقہ علاقوں میں بجلی کی 24/24 گھنٹے اور 48/48 گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ کا (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

نواب ثناء اللہ زہری سے اپوزیشن اراکین قومی و صوبائی اسمبلی کی ملاقات

ملاقات کے دوران سیاسی روابط کو برقرار رکھنے اور باہمی مشاورت کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا گیا

ملاقات کے دوران بلوچستان کی مجموعی سیاسی و علاقائی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما اور سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری سے قائد حزب اختلاف بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری کی قیادت میں اپوزیشن اراکین قومی و صوبائی اسمبلی نے ملاقات کی ملاقات کے موقع پر صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری بھی موجود تھے۔ وفد میں قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری، اصغر علی ترین، میر زابد ریکی، ڈاکٹر (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ڈکی، آئی ای ڈی دھماکے سے 3 سگے بھائی جاں بحق، ایک رشتہ دار زخمی

پولیس نے واقعہ کی اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ کر نعشوں اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا

پولیس نے واقعے کے بعد علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے، منصور احمد بزدار

کوئٹہ (آن لائن) ڈکی کے علاقے لونی میں کلی بختیار خان کے قریب آئی ای ڈی دھماکے کے نتیجے میں 3 سگے بھائی جاں بحق جبکہ ایک رشتہ دار زخمی ہو گیا۔ دھماکے کی اطلاع ملتے ہی مقامی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعشوں اور زخمی کو تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز لونی کے علاقے کلی بختیار خان کے قریب تین بھائی رحمت اللہ، نعمت اور اورنگزیب (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

بلوچستان میں جنگ بلوچ، پشتون یا پنجابی کی نہیں ظالم اور مظلوم کی ہے، مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان بدامنی، مہنگائی اور بدحالی کی لپیٹ میں، حکمران و بااثر طبقہ خاموش تماشائی بنا ہوا ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

بلوچستان میں بے غیرتی کی زندگی گزارنے والوں کو آزادی ہیں قومی نفرت کے بجائے پرامن جمہوری جدوجہد کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی بلوچستان کے زیر اہتمام امن کیلئے بدامنی، دہشت گردی، بارڈرز و سڑکوں کی بندش، پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ کے خلاف گورنر ہاؤس کے قریب احتجاجی دھرنا شروع ہوا۔ دھرنے میں جماعت اسلامی کے قائدین ورکرز سمیت علماء کرام، وکلاء، مزدوروں، تاجروں، ٹرانسپورٹرز و صحافیوں اور عام شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ دھرنے سے صوبا (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

پاک سعودی تعلقات

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ذاتی دلچسپی اور سرپرستی میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان زرعی اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے حوالے سے اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ دونوں برادر ممالک نے پاکستانی زرعی و غذائی مصنوعات کی سعودی عرب کو برآمدات کو آئندہ دو سال کے دوران 3 ارب امریکی ڈالر تک پہنچانے کے لیے مشترکہ کوششیں تیز کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ سعودی وزیر ماحولیات، پانی و زراعت انجینئر عبدالرحمن اے۔ الفضلی کی قیادت میں اعلیٰ سطحی سعودی وفد اور وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کے درمیان مذاکرات کے بعد مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا، جس میں چاول، سرخ گوشت، پھل، فروٹ کنسنٹریٹس، سبز چارے اور جدید زرعی ٹیکنالوجی کو باہمی تعاون کے ترجیحی شعبے قرار دیا گیا۔ سعودی وفد نے اسلام آباد کا دورہ کیا، جس میں سعودی وزارت ماحولیات، پانی و زراعت، جنرل فوڈ سیکیورٹی اتھارٹی اور دیگر متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام شامل تھے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی وفد سے ملاقات کے دوران زرعی اور غذائی شعبوں میں تعاون کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ پاکستانی وفد کی قیادت وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کی، جبکہ وفد میں سیکرٹری تجارت جواد پال، سیکرٹری قومی غذائی تحفظ و تحقیق عامر علی احمد، وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے زراعت و غذائی تحفظ احمد عمیر اور مختلف زرعی و غذائی شعبوں سے وابستہ نجی شعبے کے نمائندگان شامل تھے۔ دورے کے دوران پاکستان سعودی عرب ایگریکلچر اینڈ فوڈ اسٹریٹجک پلان پر بریفنگ دی گئی، جبکہ سعودی وفد نے اسپیشل انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل، فوجی فاؤنڈیشن اور پاکستان سعودی عرب ایگری بزنس فورم کے ساتھ ملاقاتیں بھی کیں۔ وفد نے نیشنل ایگریکلچرل ریسرچ سینٹر کا دورہ بھی کیا۔ مشترکہ اعلامیے کے مطابق دونوں ممالک نے 1947ء سے قائم تاریخی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کرتے ہوئے سعودی ویژن 2030 کے تحت غذائی تحفظ کی ترجیحات اور پاکستان کے زرعی و غذائی برآمدی شعبے کے درمیان موجود ہم آہنگی سے بھرپور فائدہ اٹھانے پر اتفاق کیا۔ اعلامیے میں چاول، سرخ گوشت، پھل اور ان کے کنسنٹریٹس، سبز چارے اور پانی کے مؤثر استعمال پر مبنی زرعی ٹیکنالوجیز کو ترجیحی شعبے قرار دیا گیا۔ پاکستان نے 2025ء میں سعودی عرب کو تقریباً ایک لاکھ 69 ہزار ٹن چاول برآمد کیے، جن کی مالیت تقریباً 163 ملین ڈالر رہی۔

بقیہ 01

کے ایک غیر معمولی دور سے گزر رہے ہیں۔ سیاسی بے یقینی، معاشی بدحالی، امن و امان کی سنگین صورتحال اور اپنے وسائل و اختیارات سے محرومی نے پشتون معاشرے کو شدید متاثر کیا ہے۔ ان حالات میں جنوبی پشتونخوا کے عوامی جرگے کا انعقاد ...

سیکورٹی مسئلہ بحث کیلئے پیش کیا جا رہا ہے، مگر افسوسناک امر یہ ہے کہ افغانستان کے عوام اور ان کی حقیقی نمائندگی اس بحث میں موجود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی اور سیکورٹی کے موجودہ چیلنجز کو صرف افغانستان کے کھاتے میں ڈالنا تاریخی حقائق سے انحراف ہے۔ سرد جنگ سے لے کر نام نہاد ...

بقیہ 01

وچن، قلعہ عبداللہ، پشین اور ہرنائی کو شامل کیا گیا ہے۔ اس مہم کا مقصد اسکولوں اور مدارس میں زیر تعلیم بچوں کو پولیو وائرس کے خلاف اضافی تحفظ فراہم کرنا ہے۔ پانچ روزہ مہم کے دوران ویکسینیشن ٹیمیں تعلیمی اداروں کا دورہ کریں گی اور اہل بچوں کو فریکشنل ان ایکٹیویٹڈ پولیو ویکسین (fIPV) اور اورل پولیو ویکسین (OPV) دی جائیں گی۔ انعام الحق نے کہا کہ یہ مہم صوبے میں بچوں کو پولیو وائرس سے محفوظ رکھنے اور معمول کی و اضافی حفاظتی ویکسینیشن سرگرمیوں کو مزید مضبوط بنانے کی مسلسل کوششوں کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان میں پولیو وائرس کی کیسز بڑے عمر کے بچوں میں رپورٹ ہوئے ہیں۔ کوئٹہ بلاک میں پولیو وائرس کی موجودگی اور افغانستان سے وائرس کی ممکنہ منتقلی کے پیش نظر انسداد پولیو کی بوسٹر مہم چلائی جارہی ہے۔ ہر اہل بچے کو ویکسین کی فراہمی یقینی بنانا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے اور معاشرے کو محفوظ رکھنے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو وائرس ناقابل واپسی فالج اور زندگی بھر کی معذوری کا سبب بن سکتا ہے، جبکہ اگر بچوں کو ویکسین کے ذریعے مناسب تحفظ فراہم نہ کیا جائے تو وہ انفیکشن کا شکار ہونے کے خطرے سے دوچار رہ سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا، "بچوں کو پولیو سے محفوظ رکھنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہر ویکسین شدہ بچہ معاشرے کے اجتماعی تحفظ کو مضبوط بناتا ہے، جبکہ کوئی بچہ ویکسین سے محروم رہ جائے تو یہ وائرس کے پھیلاؤ کا باعث بن سکتا ہے۔" ای او سی کوآرڈینیٹر نے والدین، اساتذہ اور علمائے کرام پر زور دیا کہ وہ ویکسینیشن ٹیموں سے تعاون کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ مہم کے دوران ان کے بچوں کو fIPV اور OPV دونوں ویکسین دی جائیں۔ انہوں نے اسکولوں کی انتظامیہ اور مدارس کے منتظمین سے بھی اپیل کی کہ وہ ویکسینیشن ٹیموں کو سہولت فراہم کریں اور تمام اہل بچوں کی ویکسینیشن کے لیے ان کی موجودگی یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ مہم کی کامیابی والدین، اساتذہ، مدارس کی انتظامیہ اور معاشرے کے تمام طبقات کے فعال تعاون پر منحصر ہے۔ انعام الحق نے مزید اپیل کی کہ جن بچوں کی ویکسینیشن کے لیے ٹیموں کے اسکول یا مدرسے پہنچنے کے روز غیر حاضری ہو سکتی ہے، ان کے اہل خانہ متعلقہ ٹیموں سے رابطہ کر کے اپنے بچوں کی ویکسینیشن یقینی بنائیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ مہم کو والدین علمائے کرام اساتذہ اور عوام کی بھرپور معاونت حاصل ہوگی اور اس سے بلوچستان میں بچوں کو تحفظ فراہم کرنے اور پولیو وائرس کی منتقلی روکنے کی کوششوں کو مزید تقویت ملے گی۔

بقیہ 02

جوش و خروش دیکھنے میں آیا۔ اس وسیع پیمانے پر منعقدہ ٹورنامنٹ میں مختلف اضلاع سے تقریباً 50 سے زائد ٹیمیں باقاعدہ طور پر شرکت کر رہی ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اور ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے انتظامیہ کا کہنا تھا کہ ان کھیلوں کے انعقاد کا بنیادی اور اولین مقصد علاقے کے نوجوانوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں سے جوڑنا، ان کے اندر نظم و ضبط اور سپورٹس مین شپ کے جذبے کو فروغ دینا ہے تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا سکیں ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی نے اس موقع پر کہا کہ نوجوان ہمارا اثاثہ ہیں اور انہیں مثبت سمت میں گامزن رکھنے کے لیے ہر سطح پر کھیلوں کے میدان آباد رکھے جائیں گے۔ اسسٹنٹ کمشنر اسرار احمد شوانی نے بھی تمام شرکت کرنے والی ٹیموں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ٹورنامنٹ کی انتظامی کمیٹی کی کاوشوں کو سراہا۔ شائقین کھیل نے انتظامیہ کے اس قدم کو بے حد سراہا اور امید ظاہر کی کہ اس طرح کے مقابلے آگے بھی جاری رہیں گے۔

بقیہ 03

عملے کی حاضری کو یقینی بنایا گیا ہے جس سے دور دراز علاقوں کے عوام صحت کی سہولیات سے استفادہ کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان اور وزیر صحت کی خصوصی دلچسپی کے باعث کوئٹہ اسکئی روڈ پر ٹراما سینٹر کو مکمل طور پر فعال کیا گیا اور عوام کی سہولت کیلئے پیپلز ایئر ایمبولینس سروس کا آغاز کیا گیا۔ یہاں جاری ہونے والے اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبے کے اکثر دور دراز علاقوں میں ہسپتال غیر فعال ڈاکٹر سمیت دیگر عملہ اپنی ڈیوٹیوں سے غیر حاضر تھا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی ذاتی کوششوں سے صوبے بھر کے تمام ہسپتالوں کو فعال کر کے وہاں ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی حاضری کو یقینی بنایا گیا اور وقتاً فوقتاً ہسپتالوں کے دورے کر کے وہاں عملے کی حاضری اور عوام کو فراہم کی جانے والی صحت کی سہولیات کا جائزہ لیا جارہا ہے جو ایک خوش آئند اقدام ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کوئٹہ کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی بائیومیٹرک حاضری کو یقینی بنایا ہے اور ہسپتالوں میں داخل مریضوں کو 100 فیصد مفت ادویات کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے جس کا تمام ریکارڈ کمپیوٹرائزڈ کر دیا گیا ہے اسکے علاوہ صوبے کے دیگر اضلاع میں بھی صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ادویات کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے جس سے عوام کو سہولت میسر آئی ہے اور اب عوام علاج معالجے کیلئے کوئٹہ اور دیگر صوبوں میں نہیں جاتے ہیں کیونکہ انہیں گھر کی دہلیز پر مفت صحت کی سہولیات دستیاب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت نے عوام کی سہولت کیلئے پیپلز ایئر ایمبولینس سروس کا آغاز کیا جس سے کسی بھی ہنگامی صورتحال میں مریضوں کو دوسرے صوبوں کے ہسپتالوں میں منتقل کرنے میں مدد ملی ہے۔

بقیہ 04

بروقت طبی امداد نہ ملنے پر لواحقین نے احتجاج کرتے ہوئے لاش رکھنی بائی پاس، این 70- پر رکھ دی، جس کے باعث شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی۔ اطلاع ملتے ہی اسسٹنٹ کمشنر تحصیل رکھنی فہد حسین عراقی نے فوری نوٹس لیتے ہوئے بی ایچ یو رکھنی کا دورہ کیا۔ انہوں نے مرکز صحت میں ڈاکٹرز و طبی عملے کی حاضری، ڈیوٹی روسٹر اور زخمیوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ، ڈی این پی پی ایچ آئی اور ڈی ایچ او بارکھان کی جانب سے غیر حاضر ڈاکٹرز اور متعلقہ طبی عملے کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کے احکامات دیے گئے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر تحصیل رکھنی فہد حسین عراقی کو واقعے کی انکوائری افسر مقرر کر دیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انکوائری کے دوران جس اہلکار کی ڈیوٹی سے غیر حاضری یا غفلت ثابت ہوئی، اس کے خلاف قانون وضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری مراکز صحت میں ہنگامی صورتحال کے دوران فوری طبی امداد کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے

گی۔ انتظامیہ کی جانب سے فوری کارروائی اور ذمہ داران کے تعین کی یقین دہانی پر لواحقین نے احتجاج ختم کر دیا، جس کے بعد رکھنی بائی پاس، این 70- کو ٹریفک کے لیے کھول دیا گیا

بقیہ 05

سائیکل برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ دنوں ایس پی نوشکی سلیم شاہوانی کی نگرانی میں ڈی ایس پی سٹی اور ایس ایچ او نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے قتل اور موٹر سائیکل چھیننے میں ملوث 3 ملزمان محمد مصور، عبدالصمد اور محمد یاسر کو گرفتار کرلیا۔ دوران تفتیش ملزمان نے نوشکی کرکٹ گراؤنڈ کے قریب نوجوان کھلاڑی جلیل بادینی کو قتل اور اس کی موٹر سائیکل چھیننے کا اعتراف کرلیا پولیس نے ملزمان کی نشاندہی پر چھینی گئی موٹر سائیکل اور دیگر شواہد برآمد کرنے کے لئے کارروائی شروع کردی ہے مزید کارروائی نوشکی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 06

میں پورے بلوچستان کے پرامن شہروں میں شمار ہونے والا لونکنڈی آج چوری، ڈکیتی اور جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کے باعث عدم تحفظ کا شکار دکھائی دے رہا ہے۔ مقامی شہریوں کے مطابق بعد از نماز مغرب شہر کی مختلف شاہراہوں اور گلیوں میں کالے شیشوں والی مشکوک گاڑیوں کی آمد و رفت اور گشت معمول بنتا جا رہا ہے، جس کے باعث شہری خصوصاً تاجر، دکاندار اور شریف خاندان شدید خوف میں مبتلا ہیں۔ صورتحال یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ لوگ رات کے وقت ضروری کام کے لیے بھی گھروں سے باہر نکلنے سے گریز کرنے لگے ہیں۔ اہلیان لونکنڈی کا کہنا ہے کہ گزشتہ عرصے کے دوران شہر کے بازار میں متعدد مرتبہ مسلح ڈاکو سر عام دکانوں میں داخل ہو کر لوٹ مار کرتے رہے، مگر بروقت موثر کارروائی نہ ہونے کے باعث جرائم پیشہ عناصر کے حوصلے مزید بلند ہوتے جا رہے ہیں۔ شہریوں کے مطابق اگر یہی صورتحال برقرار رہی تو شہر میں امن وامان کی صورتحال مزید سنگین ہونے کا خدشہ ہے۔ شہریوں نے اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کیا ہے کہ رات کے اوقات میں پولیس گشت اور مشکوک افراد و گاڑیوں کی موثر چیکنگ کا فقدان جرائم پیشہ عناصر کے لیے کھلی چھوٹ کے مترادف ہے۔ عوام کا کہنا ہے کہ امن وامان صرف بیانات اور اعلانات سے بحال نہیں ہوگا بلکہ اس کے لیے عملی اور فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔ اہلیان لونکنڈی نے ڈپٹی کمشنر چاغی، اسسٹنٹ کمشنر اور پولیس کے اعلیٰ حکام سمیت تمام متعلقہ ذمہ دار اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ لونکنڈی میں امن وامان کی بحالی کے لیے فوری طور پر موثر اقدامات کیے جائیں۔ خصوصاً بعد از نماز مغرب شہر میں باقاعدہ پولیس گشت کا نظام فعال کیا جائے، اہم شاہراہوں، بازار اور داخلی و خارجی راستوں پر ناکہ بندی کی جائے، جبکہ کالے شیشوں اور مشکوک نمبر پلیٹ والی گاڑیوں کی بلاامتیاز چیکنگ کی جائے۔ شہریوں نے مزید مطالبہ کیا کہ بازار اور رہائشی علاقوں میں پولیس کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے اور چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم میں ملوث عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے تاکہ قانون کی بالادستی قائم ہو اور جرائم پیشہ افراد کو یہ پیغام ملے کہ لونکنڈی میں شہریوں کی جان و مال سے کھیلنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ اہلیان لونکنڈی نے امید ظاہر کی ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور پولیس حکام عوام کی تشویش کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے فوری عملی اقدامات کریں گے، تاکہ لونکنڈی ایک بار پھر امن، سکون اور بھائی چارے کی پہچان بن سکے، شہری بلاخوف اپنے کاروبار اور روزمرہ کے معمولات انجام دے سکیں اور عوام کو خوف و ہراس کے موجودہ ماحول سے نجات مل سکے۔

بقیہ 07

کے گزارہ کرنے پر مجبور ہیں مجھے روزگار فراہم کیا جائے تاکہ اپنے بچوں کا باعزت طریقے سے پیٹ پال سکوں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنے مطالبات کے حق میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے دیے گئے دھرنے کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں پہلے ٹی وی اور تھیٹر میں کام کرتی تھی جس کی وجہ سے گھر کا گزارہ چل رہا اب ٹی وی پر کام نہیں ملتا اور تھیٹر کا سلسلہ بھی بند ہو چکا ہے گھر کا گزر بسر کرنا بڑی مشکل سے دوچار ہے بڑھتی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے دودھ اور پانی کی بوتلیں فروخت کر کے گزارہ کرنے کی کوشش کرتی ہوں جس میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے میرا شوہر شوگر کا مریض ہے اور مزدوری نہیں کر سکتا میری وزیراعلیٰ بلوچستان سے اپیل ہے کہ محکمہ ثقافت و کلچر کے توسط سے روزگار یا کوئی نوکری دی جائے تاکہ میں اپنے بچوں کی کفالت کر سکوں۔

بقیہ 08

تی سے پیش آتے ہیں اور اپنے اسٹاف کو بھی اس حوالے سے ہدایات جاری کیے ہیں کہ وہ ملاقاتیوں کو بدظن نہ کریں۔

بقیہ 09

کے لیے شادی کور ڈیم سے سپلائی فعال کر دی گئی ہے اور دونوں ذرائع سے روزانہ تقریباً 30 سے 35 لاکھ گیلن پانی فراہم کیا جا رہا ہے ڈائریکٹر جنرل نے دستیاب آبی وسائل کے مؤثر استعمال اور متبادل ذرائع کو بروئے کار لانے کی ہدایت کرتے ہوئے 1.2 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن پلانٹ کو مکمل استعداد پر چلانے کے لیے ضروری اقدامات کی ہدایت کی اجلاس میں گوادر کے پانی کی فراہمی کے نظام کی مجموعی کارکردگی، ڈسٹری بیوشن، بلنگ اور ریکوری کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بتایا گیا کہ گزشتہ پانی کے بحران کے بعد شہر میں پانی کی فراہمی کو مؤثر انداز میں برقرار رکھا گیا ہے، جبکہ شادی کور ڈیم سے منسلک متعدد دیہات میں بھی طویل عرصے سے جاری پانی کی قلت دور کر کے سپلائی بحال کی گئی ہے واجبات کی وصولی کے حوالے سے بھی اقدامات کی ہدایت کی گئی تھی

بقیہ 10

"اور 1 کروڑ روپے نقد انعام دینے کا اعلان کیا ہے۔ قیادت کا کہنا تھا کہ یہ اقدام نرس رضیہ نورین کی لازوال قربانی کا اعتراف ہے اور پورے نرسنگ پروفیشن کے لیے باعث فخر ہے۔ وزیراعظم کا یہ بیان کہ "پوری قوم کو نرس رضیہ نورین پر فخر ہے" "ہر نرس کے حوصلے کو بلند کرنے والا ہے۔ PNF بلوچستان کی قیادت نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اسی طرح ملک بھر کی نرسز کی سکیورٹی، تنخواہوں اور پروفیشنل ترقی کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جائیں تاکہ وہ اسی جذبے سے قوم کی خدمت کرتی رہیں۔ ہم وزیراعظم کے اس تاریخی فیصلے کو دل کی گہرائیوں سے خوش آئند قرار دیتے ہیں۔

بقیہ 11

نے کہا کہ بلوچستان کے زمیندار پہلے ہی شدید زرعی بحران کا سامنا کر رہے ہیں۔ صوبے میں قدرتی آفات، خشک سالی، بارشوں کے غیر معمولی نظام، زیر زمین پانی کی سطح میں مسلسل کمی اور طویل عرصے سے جاری پانی کے بحران نے زراعت اور باغبانی کے شعبے کو شدید متاثر کیا ہے۔ ایسے حالات میں زمیندار اپنی فصلوں اور باغات کو بچانے کے لیے پہلے ہی بھاری مالی مشکلات برداشت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے زرعی شعبے کو ایک اور بڑا چیلنج ہمسایہ ممالک سے پھلوں اور سبزیوں کی درآمد ہے۔ سستی درآمدی زرعی اجناس کی بھرمار سے مقامی پیداوار کی قیمتیں متاثر ہوتی ہیں اور بلوچستان کے زمینداروں کو اپنی فصلیں پیداواری لاگت سے بھی کم قیمت پر فروخت کرنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ مقامی زمینداروں کے مفادات کا تحفظ کرتے ہوئے درآمدی پالیسی پر نظرثانی کرے۔ ترجمان نے کہا کہ بلوچستان میں بجلی، ڈیزل، زرعی ادویات، کھاد، بیج اور دیگر زرعی مداخل کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے بھی زمینداروں کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ دوسری جانب مارکیٹ میں زرعی اجناس کی مناسب قیمت نہ ملنے کے باعث زمیندار قرضوں کے بوجھ تلے دب رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف حکومت زراعت کے فروغ اور زرعی معیشت کو مضبوط بنانے کے دعوے کرتی ہے جبکہ دوسری طرف نام نہاد زرعی ٹیکس کے نفاذ سمیت ایسے اقدامات کیے جا رہے ہیں جو پہلے سے بحران کا شکار زمینداروں پر مزید معاشی بوجھ ڈال رہے ہیں۔ حکومت کو نئے ٹیکسز عائد کرنے کے بجائے زرعی شعبے کو ریلیف، سستی بجلی، پانی کی فراہمی، جدید آبپاشی نظام اور زرعی اجناس کی منافع بخش قیمتوں کی ضمانت دینی چاہیے۔ مرکزی ترجمان نے کہا کہ باغات اور فصلات بلوچستان کی معیشت، روزگار اور دیہی آبادی کی بقا سے جڑے ہوئے ہیں۔ اگر زرعی شعبہ مزید کمزور ہوا تو اس کے اثرات صرف زمینداروں تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ لاکھوں مزدور، باری، ٹرانسپورٹرز، آڑھتی اور دیگر متعلقہ شعبے بھی متاثر ہوں گے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ مستونگ سمیت بلوچستان بھر میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں، زمینداروں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور باغات وفصلات کے حوالے سے کسی بھی پالیسی یا فیصلے سے قبل زمیندار تنظیموں کو اعتماد میں لیا جائے۔ ترجمان نے کہا کہ بلوچستان کے زمیندار امن کے خواہاں ہیں اور صوبے کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا چاہتے ہیں، تاہم انہیں درپیش مسائل کا حل انتظامی دباؤ، مزید ٹیکسز یا یکطرفہ فیصلوں میں نہیں بلکہ جامع زرعی پالیسی، پانی کے مؤثر انتظام، مارکیٹ کے تحفظ اور ریاستی سطح پر کسان دوست اقدامات میں ہے۔

بقیہ 12

انتظامیہ کے اعلیٰ حکام کی آمد پر آرگنائزرز اور کھلاڑیوں نے ان کا پرجوش استقبال کیا۔ میچ کا فائنل و سنسنی خیز مقابلہ بلوچ کاروان فٹبال کلب اور لورالائی فٹبال کلب کی مضبوط ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ مقررہ وقت کے اختتام تک دونوں ٹیموں کی جانب سے جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کیا گیا اور میچ برابر رہا۔ بالآخر فیصلے کے لیے پینالٹی ککس کا سہارا لیا گیا، جس میں لورالائی فٹبال کلب نے اعصاب شکن مقابلے کے بعد کامیابی حاصل کرتے ہوئے میچ اپنے نام کرلیا۔ اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر ہرنائی میر ارشد حسین جمالی نے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی اور کھیلوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا جن معاشروں میں کھیل کے میدان آباد ہوتے ہیں، وہاں کے ہسپتال ویران ہوتے ہیں اور نوجوان منشیات جیسے قبیح اور مہلک رجحانات سے محفوظ رہتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان نسل کو مثبت و صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے اور ان کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے اس نوعیت کے کھیلوں کے مقابلوں کا مسلسل انعقاد انتہائی ضروری ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کھیل کے فروغ اور ایونٹ کے کامیاب انعقاد کو سراہتے ہوئے ٹورنامنٹ کمیٹی کے لیے 20 ہزار روپے نقد بطور مالی تعاون دینے کا اعلان بھی کیا ٹورنامنٹ کمیٹی اور آریانہ فٹبال کلب کے عہدیداران نے ڈپٹی کمشنر میر ارشد حسین جمالی اور اسسٹنٹ کمشنر اسرار احمد شاہوانی کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں افسران کا اپنی تمام تر مصروفیت کے باوجود وقت نکال کر نوجوانوں کے درمیان پہنچنا اور ان کی مالی و اخلاقی معاونت کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ ضلعی انتظامیہ کھیلوں کی سرپرستی اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کے لیے کوشاں ہے۔ کمیٹی نے امید ظاہر کی کہ ضلعی انتظامیہ آئندہ بھی علاقے میں کھیلوں کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور تعاون جاری رکھے گی۔

بقیہ 13

ناخوشگوار واقعے سے نمٹنا اور ممکنہ سیکیورٹی خطرات کا بروقت سدباب کرنا ہے پولیس اسٹیشن سٹی ہرنائی کی حدود میں واقع حساس مقامات، اہم سرکاری و قومی تنصیبات اور عوامی شاہراہوں پر پولیس کے خصوصی دستوں نے گشت کیا۔ پیٹرولنگ کے دوران فیلڈ پر موجود پولیس افسران اور اہلکاروں نے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا، حساس پوائنٹس کی کڑی نگرانی کی اور چیکنگ کا عمل مزید سخت بنایا۔ ایس پی ہرنائی کی واضح ہدایت کی روشنی میں شہر کے تمام اہم داخلی و خارجی راستوں پر بھی چوکسی برقرار رکھی گئی۔ گشت کے اختتام پر جاری کی گئی رپورٹ کے مطابق ضلع بھر میں سیکیورٹی کی صورتحال مکمل طور پر تسلی بخش اور پرامن رہی، جبکہ نائٹ پیٹرولنگ کے دوران کسی بھی ناخوشگوار واقعے یا مشکوک سرگرمی کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے واضح کیا ہے کہ عوامی تحفظ اور امن وامان کا قیام پولیس کی اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر عملدرآمد جاری رہے گا۔

بقیہ 14

ریہ امور، کرنسی اور مواصلات کے محکمے مرکز کے پاس ہوں گے اور دیگر تمام ادارے اور ان کے اختیارات قومی ریاستوں کے پاس ہوں گے۔ وہ سوات پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر پارٹی کے سیکرٹری جنرل خورشید کاکاجی اور پارٹی کے دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ 1956 کے آئین میں بھی وفاقی پارلیمانی نظام کے تحت ملک چلانے کی تائید کی گئی تھی اور بعد ازاں 1973 کے آئین میں بھی ملک میں وفاقی پارلیمانی نظام قائم کرنے، قومی اسمبلی و سینیٹ کی تشکیل سمیت تمام اداروں کی تشکیل اور اختیارات کا تعین کیا گیا ہے۔ لیکن روز اول سے سول اور فوجی بیوروکریسی ملک کو وحدانی یا صدارتی نظام کے تحت چلانے کی ناکام کوششیں کرتی رہی ہے۔ وفاقی پارلیمانی نظام میں بھی پارلیمنٹ کے اختیارات کم کرنے اور بیوروکریسی کے ذریعے ملک کو چلانے کی سازشیں ہوتی رہی ہیں، جبکہ ہمیشہ قوموں کے وجود، ان کے قومی اختیار اور حقوق سے انکار کیا جاتا رہا ہے، جس کے نتیجے میں ملک دولخت ہو کر بنگلہ دیش کی صورت میں ایک علیحدہ ملک بن گیا۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نئے صوبوں کے نام پر قوموں کی تاریخی قومی وحدتوں کو تقسیم کرنے کے نارواعمل کو مکمل طور پر مسترد کرتی ہے اور اسے ملک کے خلاف استعماری بیوروکریسی کی طرف سے ایک مذموم سازش قرار دیتی ہے۔ یہ سازش ملک کی اقوام و عوام کو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1973 کے آئین، بشمول اٹھارویں ترمیم، کے تحت وفاق وحدتوں یا صوبوں کو جو اختیارات حاصل ہیں، وہ بھی ناکافی ہیں اور قرارداد لاہور، 23 مارچ 1940، کی روح کے مطابق نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں پشتونوں کی پشتونخوا وطن کو انگریزی دور کی طرح آج بھی تقسیم رکھا گیا ہے۔ خیبر پشتونخوا، جنوبی پشتونخوا اور اٹک و میانوالی پر مشتمل قومی، ثقافتی اور لسانی بنیادوں پر پشتونوں کی قومی وحدت کی تشکیل ناگزیر اور ضروری ہے۔ اسی طرح تمام اقوام کے لیے قومی بنیادوں پر صوبوں کی تشکیل ضروری ہے، جو پشتونخوا، پنجاب، بلوچستان، سندھ اور سرائیکستان پر مشتمل ہوں، اور ان اقوام کو اپنی قومی وحدتوں میں قومی واک و اختیار حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ بھی پاکستان کی صحیح تشکیل اور قرارداد لاہور کی روح پر عملدرآمد کا راستہ ہے۔ اس کے بغیر ملک کی پانچوں اقوام کی وفاقی وحدتوں کو کسی بھی بنیاد پر تقسیم کرنے یا ان کی وحدت کو چھیڑنے کی صورت میں درحقیقت ان بنیادوں سے روگردانی ہوگی جن پر پاکستان کی تشکیل ہوئی تھی۔ ایسے قوم دشمن طرز عمل کے نتیجے میں جو صورتحال پیدا ہوگی، اس کی ذمہ داری ملک کے استعماری حکمرانوں پر عائد ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کے نام سے نئے صوبے کے قیام کی باتوں کو پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی مکمل طور پر مسترد کرتی ہے۔ خیبر پشتونخوا اسمبلی سے گزشتہ دنوں منظور ہونے والی قرارداد نے بھی یہ واضح کیا ہے کہ خیبر پشتونخوا کی تقسیم قابل قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پشتونخوا اسمبلی کے اراکین کو ہزارہ صوبے کے حوالے سے رائے دینے کا حق نہیں اور عوام نے انہیں خیبر پشتونخوا کو تقسیم کرنے کے لیے ووٹ نہیں دیا۔ اس کے باوجود اگر کوئی رکن اسمبلی خیبر پشتونخوا کی تقسیم کے حق میں ووٹ دے گا تو وہ قومی غدار قرار پائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اس مذموم سازش کے خلاف اپنی استطاعت کے مطابق بھرپور آواز بلند کرے گی۔

بقیہ 15

اجلاس میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقی (P&D)، زراعت، کالجز، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، آبپاشی، لوکل گورنمنٹ، فشریز اور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے سیکرٹریز نے شرکت کی اور اپنے محکموں کی کارکردگی اور مستقبل کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔

بقیہ 16

انتظامیہ اور محکمہ جنگلات و جنگلی حیات کی کارکردگی پر سوالات اٹھا دیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کوہ چاندران کے گرد و نواح جو کہ ایف سی چوکی 5 نمبر واقع مختلف علاقوں میں مبینہ طور پر لانگھائی مری کے ذیلی شاخ جعفرانی قبائل سے تعلق رکھنے والے غلام، خان محمد، نذر خان اور ازل خان گروہوں کے بعض افراد کی جانب سے سبز و نایاب درختوں کی کٹائی کا سلسلہ جاری ہے۔ علاقہ مکینوں کے مطابق درخت کاٹنے کے بعد لکڑی مبینہ طور پر رات کے اوقات میں ٹال مالکان کو فروخت کی جاتی ہے، جس سے علاقے کے قدرتی جنگلات کو شدید نقصان پہنچ رہا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ ایک جانب حکومت کی جانب سے جنگلات اور سبز درختوں کے تحفظ کے لیے درختوں کی کٹائی پر پابندی عائد کی گئی ہے، جبکہ دوسری جانب بعض مقامات پر درختوں کی کٹائی کا سلسلہ مبینہ طور پر بلا روک ٹوک جاری ہے۔ شہریوں نے سوال اٹھایا کہ اگر ایک طرف شجر کاری مہم کے تحت درخت لگائے جا رہے ہیں تو دوسری جانب موجودہ سبز اور نایاب درختوں کی حفاظت کیوں نہیں کی جارہی؟ علاقہ مکینوں نے صوبائی وزیر جنگلات، سیکرٹری جنگلات، ڈی ایف او کوہلو، ڈپٹی کمشنر کوہلو، کمانڈنٹ ماوند رائفلز اور ایس پی کوہلو سے مطالبہ کیا ہے کہ کوہ چاندران میں درختوں کی مبینہ غیر قانونی کٹائی کا فوری نوٹس لے کر شفاف تحقیقات کرائی جائیں۔ ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے اور جنگلات کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ علاقے کے قیمتی قدرتی وسائل کو مزید نقصان سے بچایا جاسکے۔

بقیہ 17

اجاگر کرنا انتہائی ضروری ہے انہوں نے کہا کہ بروقت تشخیص، علاج اور احتیاطی تدابیر اختیار کر کے ہیپاٹائٹس کے پھیلاؤ کو روکا جا سکتا ہے اس موقع پر انہوں نے مزید گفتگو کرتے ہوئے عوام پر زور دیا کہ وہ باقاعدگی سے ہیپاٹائٹس کی اسکریننگ کروائیں، غیر محفوظ انجکشنز، آلودہ طبی آلات اور غیر صحت بخش طریقوں سے اجتناب کریں جبکہ ذاتی صفائی اور صحت کے اصولوں پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ واک کے شرکاء نے ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کے حوالے سے آگاہی پیغامات پر مشتمل بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ واک کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ معاشرے میں ہیپاٹائٹس سے بچاؤ اور بروقت تشخیص کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کریں گے

بقیہ 18

نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے بھتے کے روز میر آدم خان زہری کی رہائش گاہ پر میر شاہ بیگ خان کی انتقال پر فاتحہ خوانی اور تعزیت کا اظہار کیا جبکہ کوئٹہ میں میر زہری خان موسیانی سے ملاقات کی اور ان کے بھائی شہید میر خلیل موسیانی کی شہادت پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے انکا تعزیت کی سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کوئٹہ میں پولیس افیسر ایس پی فاروق مری سے ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا اور ان کی ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے میر شاہ بیگ خان، شہید خلیل موسیانی اور ایس پی فاروق مری کی والدہ کے درجات کی بلندی اور مغفرت کے لیے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندان کے لیے صبر و جمیل کی دعا کی دریں اثناء سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے پاکستان پیپلز پارٹی سوراب کے رہنما حاجی عبدالغفور ریکی اور سیٹھ محمد اسلم میروانی کے انتقال پر بھی گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لواحقین سے تعزیت کی انہوں نے مرحومین کے ایصال ثواب، مغفرت اور درجات کی بلندی کے لیے دعا کی اور سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔

بقیہ 19

رہی ہے اب اپنی ناکامی چھپانے کے لیے باغات کی مالکان کو سہولت کار قرار دے رہا ہے قیام امن ریاست کی ذمہ داری ہے۔ باغات کے مالکان کو دہشت گردوں کا سہولت کار تصور کرنا یا باغات کو ختم کرنا سمجھ سے بالاتر ہے متعلق جب باغات مالکان خود اپنے آپ کا تحفظ نہیں کر سکتے ہیں تو ورنرز پر حملہ کسی کے باغ سے واردات ہو جائے تو مالک قصوروار کیسے ٹھہرایا جاتا ہے۔ کسی کو سہولت کار قرار دینے سے بلوچستان کے امن کا مسئلہ حل نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سہولت کار قرار دینے سے عوام کو اپنے جائیدادوں سے جبری طور پر بے دخل کرنے کا

حکومت عوام کی جان و مال کے تحفظ کی ذمہ داری پوری کرنے کے اس پشتون دشمن پالیسی میں سہولت کار کا کردار ادا کر رہی ہے

قومی شاہراہوں میں سرگرم مسلح جتھوں اور دہشتگردوں کے قبضے میں ہیں پشتون قوم پرست جماعتیں

کمیٹی کے ساتھ مسلح جتھوں کا صفایا کرنے کی ذمہ داری پوری کرنے کا تحریری معاہدہ کرنے کے باوجود اس پر عمل درآمد سے گریزاں ہے

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی اور نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے مشترکہ بیان میں ضلع ہرنائی کے شاہرگ میں ایک بار پھر دہشت گردی کے واقعے، عبدالاتفاق ترین کی شہادت، عیسیٰ گل کے زخمی ہونے اور چار افراد کے اغوا کی شدید مذمت کرتے ہوئے ریاست، حکومت اور اس کے اداروں کو اس واقعے کا ذمہ دار قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ دنوں دن دہاڑے شاہرگ کے کلی (باقی صفحہ 3 نمبر34)

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں احتجاج کی کال دیں گے، لیبر فیڈریشن

نجکاری مخالف مزدوروں کی آواز دبانے کی کوشش ناقابل قبول ہے، خان زمان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل، قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر جنگ، عارف خان، عارف خان بچاری، دین محمد محمد حسنی، ملک وحید کاسی، ملک محمد حسین ہنگورزئی، ظفر خان رند، سید منظور شاہ، فضل محمد یوسفزئی، انجینئر نجیب اللہ مری نے بیان میں لیسکو انتظامیہ کی جانب سے آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین کے عہدیداروں کے خلاف انتقامی کارروائیوں، یونین عہدیداروں کی جبری ٹرانسفر اور ملازمین کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کو لیسکو انتظامیہ کی بوکھلاہٹ (باقی صفحہ 3 نمبر31)

کاسی بحریہ ٹاؤن الاٹیز کو فوری طور پر انتقالات اور قبضہ دیکر ان میں پائی جانے والی تشویش دور کی جائے، ندیم ترین

کوئٹہ (آن لائن) کاسی بحریہ ٹاؤن ایکشن الاٹیز کے سرپرست اعلیٰ ندیم ترین، عارف علی، انور درانی نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، کمانڈر 12 کور لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم خان اور سینئر ایم بی آر قمر ذشتی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی سے (باقی صفحہ 3 نمبر32)

عوام کی نسلوں کی محنت اور معاشی اثاثوں کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دیں گے، بی این پی

سرفراز بگٹی کا طرز عمل جمہوری حکومت کے بجائے دھمکی، دباؤ اور طاقت کے استعمال کی سیاست کی عکاسی کرتا ہے

مستونگ و کھڈ کوچہ کے باغات ختم کرنے کی دھمکیاں ناقابل قبول، بلوچ عوام اپنے معاشی حقوق پر سمجھوتہ نہیں کریں گے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر33)

کوئٹہ، موٹر سائیکل سوار صوبے کے اندرونی علاقوں میں سپلائی کے لیے ایرانی پیٹرول کی گیلن لے جا رہے ہیں

حکومت تاریخ میں پہلی مرتبہ ادویات کی بروقت فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے، پی پی پی

تمام سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی بائیومیٹرک حاضری کو یقینی بنایا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر3)

[illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر4)

ای او سی کا آج سے کوئٹہ میں انسداد پولیو بوسٹر مہم شروع کرنے کا اعلان

31 اگست سے کوئٹہ بلاک میں انسداد پولیو کی بوسٹر ڈوز مہم کے دوران تقریباً 3 لاکھ 78 ہزار بچوں کو ویکسین پلائی جائے گی

ای او سی کوآرڈینیٹر کی والدین، اسکولوں اور مدارس کی انتظامیہ سے اپیل، کسی بچے کو ویکسین سے محروم نہ رہنے دیا جائے، انعام الحق

کوئٹہ (آن لائن) ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان پیر، 31 اگست سے کوئٹہ بلاک میں پانچ روزہ پولیو بوسٹر مہم شروع کرنے جا رہا ہے، جس کے دوران اسکولوں اور مدارس میں 5 سے 10 سال کی عمر کے تقریباً 3 لاکھ 78 ہزار بچوں کو ویکسین پلائی جائے گی۔ ای او سی بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق نے بتایا کہ مہم کے لیے تقریباً 1,200 ویکسینیشن ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں۔ مہم میں کوئٹہ بلاک کے علاقوں کوئٹہ (باقی صفحہ 3 نمبر1)

بین الاضلاعی (انٹر ڈسٹرکٹ) فٹبال ٹورنامنٹ کا باقاعدہ اور شاندار آغاز

ان کے اندر نظم و ضبط اور سپورٹس مین شپ کے جذبے کو فروغ دینا ہے، ڈی سی ہرنائی

کوئٹہ (خ ن) ہرنائی میں نوجوانوں کو مثبت، صحتمندانہ اور تعمیری سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کے لیے 4 بین الاضلاعی (انٹر ڈسٹرکٹ) فٹبال ٹورنامنٹ کا باقاعدہ اور شاندار آغاز کر دیا گیا ہے۔ ٹورنامنٹ کا سنسنی خیز افتتاحی میچ ہرنائی فٹبال کلب اور لورالائی فٹبال کلب کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا۔ اس عظیم الشان ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی اور اسسٹنٹ کمشنر کھوسٹ اسرار احمد شاہوانی نے بال کو کِک لگا کر کیا۔ افتتاحی تقریب میں شائقین کھیل اور مقامی لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جبکہ کھلاڑیوں میں بے پناہ (باقی صفحہ 3 نمبر2)

والبندین میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ، کاروبار بری طرح متاثر، تاجر اور شہری پریشان

والبندین (آن لائن) والبندین: چاغی کے صدر مقام والبندین میں کیسکو حکام کی جانب سے شام 4 بجے سے رات 8 بجے تک بجلی کی بندش کے باعث کاروباری سرگرمیاں بری طرح متاثر ہو رہی ہیں، جبکہ تاجر اور عام شہری شدید پریشانی کا شکار ہیں۔

تجاوزات اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی جاری رہے گی، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ

بلڈنگ کوڈز پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے گا شفافیت، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جائے گا

کوئٹہ کو صاف، خوبصورت اور منظم شہر بنانے کیلئے تمام اداروں اور تاجر برادری کو ساتھ لے کر چلیں گے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن [illegible] (باقی صفحہ 3 نمبر38)

زرعی بحران کے حل کیلئے عملی اقدامات ضروری ہیں: زمیندار ایکشن کمیٹی

امن و امان کی ناکامی کا ملبہ زمینداروں پر نہ ڈالا جائے، مرکزی ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) زمیندار ایکشن کمیٹی کے مرکزی ترجمان نے مستونگ میں باغات اور فصلات کی کٹائی سے متعلق وزیراعلیٰ بلوچستان کے بیان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن و امان کا قیام ریاست اور حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، اس معاملے کو بنیاد بنا کر زمینداروں کو مزید مشکلات سے دوچار کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ مرکزی ترجمان (باقی صفحہ 3 نمبر11)

نوشکی پولیس نے نوجوان کے قتل اور موٹر سائیکل چھیننے میں ملوث 3 ملزمان گرفتار کر لیے

کوئٹہ (آن لائن) نوشکی پولیس نے نوجوان غلازئی کے قتل اور موٹر سائیکل چھیننے میں ملوث 3 ملزمان کو گرفتار کر کے تفتیش کی موڑ (باقی صفحہ 3 نمبر5)

پوری قوم کو نرس رضیہ نورین پر فخر ہے، پاکستان نرس فیڈریشن بلوچستان

رضیہ نورین کو ستارہ خدمت اور 1 کروڑ روپے نقد انعام دینے کا اعلان خوش آئند ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان نرس فیڈریشن بلوچستان کی سینئر رہنماؤں ریاض لونی، شکیلہ کوثر، مینا لوتھر، ناصرہ بی بی اور حیدر علی نے مشترکہ بیان میں وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے اس اعلان کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ انہوں نے "میو ہسپتال آتشزدگی واقعے" میں اپنی جان خطرے میں ڈال کر بچوں کی جانیں بچانے والی بہادر نرس رضیہ نورین کو "ستارہ خدمت (باقی صفحہ 3 نمبر10)

نوکنڈی میں امن و امان کی بگڑتی صورتحال، شہری عدم تحفظ کا شکار

نوکنڈی (آن لائن) نوکنڈی میں گزشتہ چند ماہ سے امن و امان کی صورتحال مسلسل مخدوش ہوتی جا رہی ہے، جس کے باعث شہریوں میں شدید خوف و ہراس پایا جا رہا ہے۔ کسی دور (باقی صفحہ 3 نمبر6)

گوادر کو روزانہ 30 سے 35 لاکھ گیلن پانی کی فراہمی جاری

1.2 ایم جی ڈی ڈی سیلینیشن پلانٹ مکمل استعداد پر چلانے کی ہدایت

گوادر (پ ر) ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمن خان کی زیر صدارت واٹر سیکشن کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں شہر میں پانی کی فراہمی، دستیاب ذخائر اور آئندہ کی ضروریات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں بتایا گیا کہ سوڈ ڈیم میں پانی کا ذخیرہ تیزی سے کم ہو رہا ہے اور موجودہ ذخیرہ تقریباً دو سے تین ماہ کے لیے کافی ہے۔ پانی کی مسلسل فراہمی یقینی بنانے (باقی صفحہ 3 نمبر9)

دودھ اور پانی کی بوتلیں فروخت کر کے گزارہ کرنے پر مجبور ہیں مجھے روزگار فراہم کیا جائے، مسکان بابا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کی رہائشی ٹی وی اور تھیٹر کی آرٹسٹ مسکان بی بی نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے اپیل کی ہے کہ روزگار نہ ہونے کی وجہ سے میں اور بچے نان شبینہ کے محتاج ہیں دودھ اور پانی کی بوتلیں فروخت کر (باقی صفحہ 3 نمبر7)

کوئٹہ، کاسی، بحریہ ٹاؤن کے متاثرین سرپرست اعلی ندیم ترین اور صدر عارف علی کی قیادت میں کاسی بحریہ اسکیم میں احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

موجودہ صوبائی حکومت کی تمام تر توجہ معیشت کی بحالی پر ہے، سید جہانگیر شاہ

محمد نواز شریف ایک عظیم قائد ہیں جو سیاست میں انتقامی کارروائیوں پر یقین نہیں رکھتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں محمد نواز شریف ایک عظیم قائد ہیں جو سیاست میں انتقامی کارروائیوں پر یقین نہیں رکھتے ہیں ہم پارٹی قائد سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ انسانی بنیادوں پر سابق وزیراعظم عمران خان کو علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی کی ہدایات دیں، بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کے کارکنوں کے مسائل حل کرنے کیلئے فوری طور پر عملی اقدا (باقی صفحہ 3 نمبر35)

بلوچ کالونی، میر مٹھا اسٹریٹ اور رئیسانی اسٹریٹ کے مکین پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ کالونی، میر مٹھا اسٹریٹ اور رئیسانی اسٹریٹ، بروری روڈ کوئٹہ کے مکینوں نے ایم ڈی واسا اور چیف انجینئر واسا سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ گزشتہ کافی (باقی صفحہ 3 نمبر36)

موصوف نے بطور کمشنر اپنی انتظامی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، مزدا یونین

سیکرٹری اریگیشن سہیل بلوچ کی قابلیت محکمے کیلئے تقویت کا باعث ہوگا، شاہ بنگلزئی

موجودہ سیکرٹری اریگیشن نے بطور کمشنر شاندار انتظامی آفیسر ہونے کا ثبوت بھی دیا

کوئٹہ (آن لائن) مزدا ٹرک یونین بلوچستان کے صدر شاہ بنگلزئی جنرل سیکرٹری امان مینگل اور بابل سرپرہ و دیگر نے اپنے جاری کردہ مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قابل اور ذمہ دار کردار رکھنے والے آفیسران محکموں اور اداروں کو آگے بڑھانے میں خاص حیثیت رکھتے ہیں سیکرٹری اریگیشن نوجوان اور قابل آفیسر سہیل بلوچ بھی ایسے آفیسران میں شمار ہوتے ہیں جنہیں جہاں ذمہ داری سونپی جائے وہ اپنی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی اور جانفشانی سے سرانجام دینے میں مصروف عمل ہو جاتے ہیں موجودہ سیکرٹری اریگیشن نے بطور کمشنر شاندار انتظامی آفیسر ہونے کا ثبوت بھی دیا اس کے علاوہ موصوف عام و خاص کیساتھ خوش اخلا (باقی صفحہ 3 نمبر8)

نال بازار میں رمضان کے بعد تا حال نرخنامہ جاری نہ ہو سکا، شہری پریشان

نال (آن لائن) نال کے علاقے میں دکانداروں نے خود ساختہ مہنگائی اور گراں فروشی کے ذریعے عوام کو لوٹنا شروع کر دیا ہے رمضان المبارک کے بعد سے اب تک مقامی انتظا (باقی صفحہ 3 نمبر30)

لارڈز ٹیسٹ میں انگلینڈ کا پاکستان کو جیت کیلئے 389 رنز کا ہدف

لندن (آن لائن) پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان دوسرے ٹیسٹ کے چوتھے روز کا کھیل شروع ہو گیا، میزبان ٹیم نے انگلینڈ نے پاکستان کو جیت کیلئے 389 رنز کا ہدف دیدیا۔ پاکستان کی جانب سے فاسٹ بولر محمد عباس ایک مرتبہ پھر پانچ وکٹیں لینے میں کامیاب ہو گئے جبکہ خرم شہزاد اور محمد علی نے 2،2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا ہے۔ لارڈز میں جاری ٹیسٹ کے تیسرے روز خراب روشنی کے باعث کھیل جلد ختم کر دیا گیا تھا۔ واضح رہے انگلینڈ نے ٹیسٹ کے تیسرے رو (باقی صفحہ 3 نمبر37)

کوئٹہ، کاسی، بحریہ ٹاؤن کے متاثرین کی جانب سے کاسی بحریہ اسکیم میں منعقدہ اجلاس کی صدارت سرپرست اعلی ندیم ترین اور صدر عارف علی کر رہے ہیں

روٹ پرمٹ کی خلاف ورزیاں فوری بند کرائی جائیں، مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو ٹرانسپورٹرز احتجاج پر مجبور ہوں گے، بس یونین

روٹ پرمٹ کی خلاف ورزی، مسافر کوچز نوشکی سے براہ راست کوئٹہ چلانے کا انکشاف

مقررہ روٹس پر کوچز نہ چلنے سے عوام سفری مشکلات اور اضافی اخراجات کا شکار، محکمہ ٹرانسپورٹ کارروائی کرے، حاجی ملک شاہ جمالدینی

کوئٹہ (آن لائن) آل کوئٹہ، تفتان و رخشان ڈویژن بس یونین کے مرکزی صدر حاجی ملک شاہ جمالدینی نے کہا ہے کہ بعض مسافر کوچز اپنے جاری کردہ روٹ پرمٹ کے مطابق سروس فراہم کرنے کے بجائے نوشکی بس اڈہ سے براہ راست کوئٹہ کے لیے چلائی جا رہی ہیں، جس کے باعث مختلف علاقوں کے عوام کو سفری سہولیات کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ٹرانسپورٹ اتھارٹی (باقی صفحہ 3 نمبر29)

آل پارٹیز ضلع پشین اور انجمن تاجران کا نمائندہ اجلاس

4 ستمبر کو سہ پہر 4 بجے سرانان بازار میں احتجاجی جلسہ منعقد ہوگا

پشین (آن لائن) آل پارٹیز ضلع پشین اور انجمن تاجران کا نمائندہ اجلاس پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان کی زیر صدارت پشتونخوا میپ کے ضلعی دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں گزشتہ دنوں سرانان پولیس تھانے پر حملے اور سرانان میں چھ غریب مسافروں کو شہید کرنے کے دہشت گردانہ واقعات کی شدید مذمت کی گئی اور حکومت و اس کے متعلقہ اداروں پر زور دیا گیا کہ دہشت گردی کے ایسے عوام دشمن واقعات کی روک تھام اور ان میں ملوث ملزمان کے خلاف فوری کارروائی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں ہر قسم کی ر(باقی صفحہ 3 نمبر27)

ڈی سی شیرانی کا ڈپٹی کمشنر آفس اور جدید ضلعی کمپلیکس کے قیام کیلئے مختلف پہاڑی علاقوں کا دورہ

شیرانی (خ ن) ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے ضلع میں ڈپٹی کمشنر آفس اور جدید ضلعی کمپلیکس کے قیام کے لیے مختلف پہاڑی علاقوں کا تفصیلی دورہ اور جائزہ لینے کے بعد ایک موزوں اور اہم مقام کا انتخاب کر لیا ہے۔ یہ اقدام ضلع شیرانی میں انتظامی ڈھانچے کی بہتری، سرکاری ادار (باقی صفحہ 3 نمبر26)

وزیر صحت بخت محمد کاکڑ کی زیر صدارت اجلاس

حاضری درج نہ کرنے والے اہلکاروں کے خلاف بلا امتیاز سخت کارروائی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی زیر صدارت کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے تمام سرکاری ہسپتالوں اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس کے انسانی وسائل کی AiFRAMS کے ذریعے ریکارڈ کی جانے والی حاضری کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اسپیشل سیکرٹری صحت شہیک بلوچ، ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر امین مندوخیل، کوئٹہ کے تمام ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس، چیف ایگزیکٹو آفیسرز، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز، پرنسپل بولان میڈیکل کالج اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلوچستان ہیلتھ انفارمیشن اینڈ سروس (باقی صفحہ 3 نمبر23)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار صلاح الدین کے بھائی کا 8 سال سے بلاک شناختی کارڈ 4 ماہ میں بحال کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار صلاح الدین نے بتایا کہ ان کے بھائی محمد قاسم کا شناختی کارڈ 2018 سے بغیر کسی وجہ کے بلاک کر دیا گیا تھا۔ جس کی بحالی کے لیے انہوں نے متعدد بار نادرا سے رابطہ کیا اور کمیٹی میں تمام ثبوت پیش کیے لیکن اس کے باوجود ان کا مسئلہ حل نہیں ہوا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر22)

ڈی پی ایم شنز قلات انجینئر عائشہ زہری گورنمنٹ ڈگری گرلز کالج کی لائبریری کا معائنہ کر رہی ہیں

یونیورسٹی آف لورالائی کی فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی کا اجلاس

فعال اور جدید اعلیٰ تعلیمی ادارے کے طور پر مزید ترقی دی جائے گی

لورالائی (خ ن) یونیورسٹی آف لورالائی کی فنانس اینڈ پلاننگ کمیٹی (F&PC) کا 11 واں اہم اجلاس 27 اگست 2026 کو یونیورسٹی کے سنڈیکیٹ ہال میں وائس چانسلر انجینئر پروفیسر ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں یونیورسٹی کے مالی امور، بجٹ اور مستقبل کی منصوبہ بندی سے متعلق مختلف اہم معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران خزانچی ناصر ریحان نے مالی سال 2025-26 کے حقیقی اخراجات اور مالی سال 2026-27 کے نظرثانی شدہ بجٹ کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمیٹی کے اراکین نے یونیور (باقی صفحہ 3 نمبر28)

پمز میں پیش آنے والے آتشزدگی کے سانحے کے بعد ہسپتال انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت کا کچا چٹھا کھل کر سامنے آ گیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) میں حال ہی میں پیش آنے والے آتشزدگی کے سانحے کے بعد ہسپتال انتظامیہ کی مجرمانہ غفلت کا کچا چٹھا کھل کر سامنے آ گیا ہے۔ کیپٹل فائر سروسز کی جانب سے 2018 سے مسلسل جاری کیے گئے فائر (باقی صفحہ 3 نمبر25)

جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس 8 اکتوبر بروز جمعرات جامع مطلع العلوم میں منعقد ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق کی زیر صدارت ضلعی دفتر اینگل روڈ کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کے تنظیمی دوروں اور کارکردگی کے جائزے کے لیے تشکیل دی گئی مختلف کمیٹیوں نے اپنے تفصیلی رپورٹس پیش کیں۔ اجلاس میں پیش کردہ رپورٹس کی روشنی میں ماتحت تحصیلوں اور یونٹوں کی تنظیمی کارکردگی، فعالیت، جماعتی نظم (باقی صفحہ 3 نمبر24)

والدین کی رضامندی کے بغیر بچوں اور بچیوں کو زبردستی پولیو انجکشن کے ڈوز نہیں لگوا سکتے، آل بلوچستان اقراء سکولز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) آل بلوچستان اقراء سکولز ایسوسی ایشن اور بلوچستان پرائیویٹ سکولز فاؤنڈیشن کے مشترکہ بیان میں پولیو ویکسین مہم پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ پولیو اور ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں اور ذمہ داران نے ہمیں کسی قسم کے معلومات اور اعتماد میں (باقی صفحہ 3 نمبر20)

نیشنل پارٹی حقیقی مظلوم دوست سیاسی جماعت ہے، اسلم بلوچ

صدیوں سے آباد لوگوں کو ان کے وطن سے کسی صورت بے دخل نہیں کیا جا سکتا

کوئٹہ (آن لائن) واقعہ زیارت میں شہید ہونے والے شہدا کے لواحقین تیو فد کی شکل میں ہفتہ کے روز نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکریٹریٹ آ کر نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر (باقی صفحہ 3 نمبر21)

کوئٹہ، نیشنل کمیشن آن دی اسٹیٹس آف ویمن کی چیئرپرسن نورین بانو لہڑی کے ہمراہ ملاقات کے بعد خواتین پارلیمنٹرین کا گروپ فوٹو

بلوچستان میں بدامنی پر قابو پانا ریاست کی ذمہ داری ہے، عوام کو سہولت کار قرار دے کر جائیدادوں سے بے دخل نہ کیا جائے

قیام امن میں ناکامی کا ملبہ باغات مالکان پر ڈالنا ناقابل قبول ہے، جمعیت نظریاتی

بدامنی حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے حکومت صرف ورکشاپ اور بلند بانگ دعوؤں سے اپنی ناکام کارکردگی کو نہیں چھپا سکتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی سینئر نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف سرپرست اعلی مولانا ڈاکٹر شمس الہدی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ حکومت قیام امن میں اپنی نااہلی کا ملبہ باغات مالکان پر ڈال (باقی صفحہ 3 نمبر19)

قوموں پر مشتمل قومی ریاستیں خودمختار اور مقتدر ہوں گی، پشتونخوا نیپ

پاکستان کی تشکیل کی بنیاد قرارداد لاہور، 23 مارچ 1940، کی مرہون منت ہے

سوات (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ پاکستان کی تشکیل کی بنیاد قرارداد لاہور، 23 مارچ 1940، کی مرہون منت ہے اور یہ بیانیہ پاکستان بنانے والی قیادت روز اول سے پیش کرتی رہی ہے۔ 1940 کی قرارداد میں واضح طور پر کہا گیا ہے کہ قوموں پر مشتمل قومی ریاستیں خودمختار اور مقتدر ہوں گی، جبکہ دفاع، خا (باقی صفحہ 3 نمبر14)

ہرنائی، پٹرولنگ کے دوران فیلڈ پر موجود پولیس افسران اور اہلکاروں نے سیکیورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

ہرنائی (خ ن) ضلع ہرنائی میں امن و امان کی مجموعی صورتحال کو برقرار رکھنے اور عوام الناس کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جھگرانی کی خصوصی ہدایات پر پولیس نے شہر کے مختلف حصوں میں رات گئے تک سخت نائٹ پٹرولنگ کا سلسلہ جاری رکھا۔ اس اقدام کا مقصد ملک و علاقے کی موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر کسی بھی (باقی صفحہ 3 نمبر13)

ضلع ہرنائی میں کھیل کے میدان ایک بار پھر آباد ہو گئے

ہرنائی (آن لائن) ضلع ہرنائی میں کھیل کے میدان ایک بار پھر آباد ہو گئے۔ آریانہ فٹبال کلب ہرنائی کے زیر اہتمام منعقدہ "چیئرمین سید عطا اللہ شاہ فور ڈسٹرکٹ ٹورنامنٹ" کے سلسلے میں ایک انتہائی سنسنی خیز اور دلچسپ فٹبال میچ کھیلا گیا، جس میں شائقین کھیل کو بہترین اور جاندار مقابلہ دیکھنے کو ملا۔ اس پروقار اور پرجوش میچ کے مہمان خصوصی ضلع ہرنائی کے ہردلعزیز ڈپٹی کمشنر میر ارشد حسین جمالی تھے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر کھوسٹ اسرار احمد شاہوانی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ ضلعی (باقی صفحہ 3 نمبر12)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس

ترقیاتی منصوبوں کا اصل مقصد عوام کو عملی اور بروقت ریلیف فراہم کرنا ہے

تمام محکموں کو نتائج پر مبنی طرز حکمرانی کی جانب مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائیگا

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت صوبائی محکموں کی کارکردگی، سالانہ اہداف اور مستقبل کی ترجیحات کا جائزہ لینے کے لیے ایک اہم اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں مختلف محکموں کے سیکرٹریز نے اپنے اپنے محکموں کی کارکردگی، اہداف کی تکمیل، نمایاں کامیابیوں، درپیش چیلنجز اور آئندہ کی حکمت عملی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر15)

سبز اور نایاب درختوں کی مسلسل کٹائی اور راتوں رات لکڑی ٹال مالکان کو فروخت کیے جانے کے الزامات نے سوالات اٹھا دیے

کوہلو (آن لائن) بلوچستان کے ضلع کوہلو کے کوہ جاندران کے مختلف علاقوں میں مبینہ طور پر لانگھانی مری کے ذیلی شاخ جعفرانی قبائل کے بعض افراد کی جانب سے سبز اور نایاب درختوں کی مسلسل کٹائی اور راتوں رات لکڑی ٹال مالکان کو فروخت کیے جانے کے الزامات نے ضلعی (باقی صفحہ 3 نمبر16)

کوہلو میں ہیپاٹائٹس سے بچاؤ اور احتیاطی تدابیر کے لیے آگاہی واک

بروقت تشخیص اور احتیاط سے ہیپاٹائٹس کا پھیلاؤ روکا جا سکتا ہے، ڈاکٹر خالد مری

کوہلو (خ ن) ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوہلو ڈاکٹر خالد مری کی سربراہی میں ہیپاٹائٹس سے آگاہی، بچاؤ اور احتیاطی تدابیر کے حوالے سے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا جو ڈسٹرکٹ پریس کلب سے شروع ہو کر ختم نبوت چوک تک پہنچ گیا جس میں ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر خالد مری، ڈسٹرکٹ چیئرمین میر نثار احمد مری سمیت محکمہ صحت کے اہلکاروں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ہے اس موقع پر ڈپٹی ڈی ایچ او کوہلو ڈاکٹر خالد مری نے کہا ہے کہ ہیپاٹائٹس ایک خطرناک مگر قابل تدارک بیماری ہے جس سے بچا کے لیے عوام میں شعور (باقی صفحہ 3 نمبر17)

نواب ثنا اللہ زہری اور صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری کی کوئٹہ میں مختلف شخصیات سے تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان و چیف آف جھالاوان نواب ثنا اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے مختلف شخصیات سے ملاقاتیں کر کے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی سابق وزیر اعلیٰ (باقی صفحہ 3 نمبر18)

کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمن رفیق ضلع کوئٹہ کی مجلس عاملہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com